24.04.2026

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..... عبدالواحد

Music

☆ مغربی بنگال میں دوسرے مرحلے کی چناؤ مہم اپنے عروج پر ہے۔ سرکردہ سیاسی رہنما، ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے ایک کے بعد ایک ریلی منعقد کررہے ہیں۔

☆ سپریم کورٹ نے SIR میں مغربی بنگال کی چناؤ فہرست سے ناموں کو ہٹائے جانے کے خلاف درخواست پر سنوائی کرنے سے انکار کردیا ہے۔

☆ بھارت نے SAARC کرنسی Swap فریم ورک کے تحت، مالدیپ کو 30 ارب روپے کی پہلی کھیپ نکالنے کی منظوری دے دی ہے۔

☆ فوج کے سربراہ جنرل اوپندر دویویدی ایسے تیسرے بھارتی ہیں، جن کی، امریکہ کے Army War College Hall میں ستائش کی گئی ہے۔

☆ بھارت کے محکمۂ موسمیات نے راجستھان، اترپردیش، چھتیس گڑھ، مدھیہ پردیش اور وِدربھ میں شدید گرمی کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں آج شام بنگلورو میں، رائل چیلنجرس بنگلورو کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے.....

Rev WB - Campaigning

مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ سیاسی پارٹیوں کے اعلیٰ رہنما ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے ایک کے بعد ایک ریلیاں کررہے ہیں۔ وزیر اعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی جاری اسمبلی انتخابات کیلئے آج مغربی بنگال میں چناؤ مہم میں شرکت کررہے ہیں۔ جناب مودی نے آج صبح Dumdum میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ اِس کے بعد Baruipur میں بھی اُن کی ایک ریلی ہوگی۔

اِدھر مرکزی وزیر داخلہ اور BJP کے سرکردہ لیڈر امت شاہ بھی انتخابی مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔ وہ آج سہ پہر Hingalganj اور Konnagar میں جلسۂ عام سے خطاب کررہے ہیں۔ شام میں وہ Jagaddal اسمبلی حلقے میں

Aatpur ESD گیٹ پر ایک روڈ شو کریں گے۔

ترنمول کانگریس کی سربراہ ممتا بنرجی بھَوانی پور میں چناؤ مہم میں شرکت کریں گی، جبکہ ترنمول کانگریس کے جنرل سکریٹری ابھیشیک بنرجی ہاؤڑہ اور جنوبی چوبیس پرگنہ ضلعے میں کئی مقامات پر چناؤ جلسے اور روڈ شو کریں گے۔x

Amit Shah

مغربی بنگال میں سینئر BJP رہنما اور مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے آج دعویٰ کیا ہے کہ اُن کی پارٹی، اسمبلی انتخابات میں پہلے مرحلے کی ووٹنگ کے بعد ایک مضبوط کارکردگی کیلئے آگے بڑھ رہی ہے۔ کولکاتہ میں نیو ٹاؤن میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، جناب امت شاہ نے کہا کہ امید ہے کہ BJP پہلے مرحلے کے تحت 152 سیٹوں میں سے 110 سے زیادہ پر کامیابی حاصل کرے گی۔ انہوں نے پولنگ کو آزادانہ اور شفاف بنانے پر انتخابی کمیشن اور حفاظتی دستوں کا شکریہ ادا کیا۔ BJP رہنما نے کہا کہ TMC کی ناکامی نمایاں ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ BJP مکمل اکثریت کے ساتھ سرکار بنانے والی ہے۔

جناب امت شاہ نے ووٹروں کا بھی شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے پہلے مرحلے میں 92 فیصد سے زیادہ ریکارڈ ووٹنگ کی۔ انہوں نے جمہوریت کیلئے اِسے ایک مثبت قدم قرار دیا۔

SB - Amit Shah on West Bengal

BJP رہنما نے پُرامن پولنگ پر مرکزی دستوں، انتخابی کمیشن اور ریاستی پولیس کو بھی سراہا۔ x

EC - WB Fresh Guidelines

انتخابی کمیشن نے، مغربی بنگال اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ کے بعد کے نئے رہنماء خطوط جاری کیے ہیں۔ چناؤ کمیشن نے ووٹنگ ختم ہونے کے بعد نگرانی کیمروں اور ویڈیو ڈیٹا کے رکھ رکھاؤ کیلئے سخت ضابطے مرتب کیے ہیں۔

نئے رہنماء خطوط کے تحت ووٹنگ ختم ہونے کے فوراً بعد پولنگ بُوتھوں کے کیمروں میں استعمال کیے گئے SD Cards کو نہیں ہٹایا جا سکے گا۔ متعلقہ عہدیداروں کو صرف کیمرے ہٹانے کی اجازت ہوگی اور یہ Sector افسر کی نگرانی میں رہیں گے۔ SD Cards کو اسسٹنٹ رِٹرننگ افسر کی موجودگی میں متعلقہ ڈیٹا کلیکشن اور Receiving سینٹر میں ہی ہٹایا جا سکتا ہے۔ پولنگ کے دوران کی پوری ویڈیو فوٹیج کو منظّم انداز سے محفوظ رکھا جائے گا۔

اس کے علاوہ پولنگ پارٹی کا کوئی بھی اہلکار یا بُوتھ لیول افسر BLO اُس وقت تک پولنگ مرکز سے باہر نہیں جا سکتے، جب تک کہ کیمرے وغیرہ کا ساز و سامان پوری طرح اُتار نہیں لیا جاتا۔ اِسی دوران، پولنگ کے دوسرے مرحلے کیلئے ویب کاسٹنگ کا ایک ٹرائل آج صبح 10 بجے شروع ہوا۔ یہ عمل تین شفٹوں میں کرایا جائے گا۔x

SC WB SIR

سپریم کورٹ نے آج اُن درخواستوں پر سنوائی سے انکار کردیا ہے، جن میں خصوصی تفصیلی نظرِثانی کے عمل کے بعد مغربی بنگال کی چناؤ فہرستوں سے نام ہٹائے جانے کو چیلنج کیا گیا تھا۔ بھارت کے چیف جسٹس سوریہ کانت کی قیادت میں ایک

بینچ نے درخواست گزاروں سے کہا کہ وہ نامزد اپیل ٹرائبونلز سے رجوع کریں، جو اِس طرح کی شکایات سننے کیلئے ہی قائم کئے گئے ہیں۔ عدالت نے اپنی پہلے کی ہدایت کو دوہرایا کہ صرف اُن لوگوں کو ووٹ ڈالنے کی اجازت ہوگی، جن کی اپیلوں کو اطلاع نامے میں دی گئی آخری تاریخ سے پہلے سنوائی کیلئے قبول کرلیا گیا ہے۔ عدالت نے یہ بھی کہا کہ کسی درخواست کے محض التواء سے، ووٹ ڈالنے کا حق حاصل نہیں ہوجاتا۔ x

SC Pregnancy Termination

سپریم کورٹ نے حکم دیا ہے کہ کوئی عدالت کسی خاتون، خاص طور پر نابالغ کو مجبور نہیں کرسکتی کہ وہ اپنی رضامندی کے بغیر حمل جاری رکھے۔ جسٹس بی وی ناگا رتن اور Ujjal Bhuyan کی ایک بینچ نے ایک پندرہ سالہ لڑکی کو اجازت دی کہ وہ اپنا سات مہینے کا حمل، طبی طریقے سے ختم کردے۔ سپریم کورٹ نے زور دیتے ہوئے کہا کہ کسی خاتون کی افزائشِ نسل کی خود اختیاری کو اعلیٰ ترین ترجیح دی جانی چاہیئے۔x

Govt - SC Empowerment

حکومت نے 2025-26 میں 75 لاکھ سے زیادہ درج فہرست ذاتوں کے طلبا کو 7 ہزار 981 کروڑ سے زیادہ روپے تقسیم کیے ہیں، تاکہ اُن کی تعلیم اور انہیں بااختیار بنانے میں مدد دی جاسکے۔ سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کے وزیر ڈاکٹر وریندر کمار نے بتایا کہ حکومت فلاحی اور مخصوص اقدامات کے ذریعے سماج کے سبھی طبقوں کو سب کی شمولیت والی ترقی اور سماجی انصاف فراہم کرانے کو یقینی بنانے کے تئیں پر عزم ہے۔

انہوں نے کہا کہ سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کا محکمہ، درجہ فہرست ذاتوں سے تعلق رکھنے والے محروم طلبا کو تعلیمی اعتبار سے بااختیار بنانے پر مرکوز بہت سی اسکیموں کو نافذ کررہا ہے۔x

SIBI George - UNOCT

وزارت خارجہ میں مغربی ملکوں کے امور کے شعبے کے سکریٹری Sibi George نے انسداد دہشت گردی کیلئے اقوام متحدہ کے کارگزار انڈر سکریٹری جنرل Alexandre Zouev سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ اپنی میٹنگ کے دوران، انہوں نے دہشت گردی کے خطرے سے نمٹنے میں انسداد دہشت گردی کے اقوام متحدہ کے دفتر کے ساتھ بھارت کے مضبوط تعاون پر تبادلۂ خیال کیا۔x

Maldives - India

بھارت نے مالدیپ کو مالی امداد فراہم کرنے کی غرض سے SAARC کرنسی Swap فریم ورک کے تحت مالدیپ کیلئے 30 ارب روپے کی پہلی کھیپ نکالنے کی منظوری دی ہے۔ مالے میں بھارتی ہائی کمیشن نے کہا ہے کہ یہ فنڈ، اکتوبر 2024 میں مالدیپ کے صدر محمد Muizzu کے بھارت کے سرکاری دورے کے دوران، ریزرو بینک آف انڈیا اور مالدیپ حکومت کے درمیان ہوئے ایک سمجھوتے کے حصہ کے تحت 30 ارب روپے کی پہلی کھیپ نکالے کی منظوری دی گئی ہے۔ ریزرو بینک آف

انڈیا نے 2012 کے بعد سے مالدیپ کو 11 ارب سے زیادہ امریکی ڈالر فراہم کیے ہیں۔ اُس نے مزید کہا ہے کہ بھارت، پڑوسی پہلے کی پالیسی اور ویژن مہاساگر کے تحت مالدیپ کو امداد اور تعاون فراہم کرتا رہے گا۔×

Coqs - Hall of Fame

بھارت کی مسلح افواج کے سربراہ جنرل اوپیندر دیویدی کو آج امریکی فوج کے وار کالج کے انٹرنیشنل ہال آف Fame جیسے اہم اعزاز سے نوازا گیا ہے۔ جنرل اوپیندر دیویدی، جنرل وی کے سنگھ اور جنرل بکرم سنگھ کے بعد یہ اعزاز حاصل کرنے والی بھارتی فوج کی تیسری اہم شخصیت بن گئے ہیں۔

IMD

بھارتی کے محکمۂ موسمیات نے دلّی، پنجاپ، ہریانہ، چندی گڑھ، راجستھان، مدھیہ پردیش، اترپردیش اور وِدربھ میں لو چلنے کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات کی طرف سے بہار، کیرالم، ماہے، جھارکھنڈ اور چھتیس گڑھ میں بھی گرم ہوائیں چلنے کی بھی پیش گوئی کی گئی ہے۔

محکمۂ موسمیات کے مطابق، ساحلی آندھر پردیش، ساحلی کرناٹک، گنگائی مغربی بنگال، اُڈیشہ، گجرات، کونکن، گوا، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائکل میں گرمی اور حبس جیسا موسم رہنے کا امکان ہے۔

اِسی دوران، جموں و کشمیر، لداخ، Gilgit، بلتستان، مظفرآباد، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال میں تیز ہواؤں اور بجلی کڑکنے کے ساتھ گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔×

Rev National Panchayati Raj Day

آج قومی پنچایتی راج کا دن منایا جارہا ہے۔ یہ دن مقامی خود حکمرانی کے رسمی ڈھانچے کے طور پر پنچایت راج کے نظام کے قیام کی یاد میں منایا جاتا ہے اور اِس دن 73 واں آئینی ترمیمی ایکٹ 1992 نافذ کیا گیا تھا، جو 1993 میں نفاذالعمل ہوا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے .....

VC - Vishnu / Dipendra

پنچایتی راج ادارے، ملک کی نچلی سطح پر جمہوریت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور گاؤں کی خود حکمرانی میں ان کی گہری تاریخی جڑیں ہیں۔ اقتدار، مرکزی اور ریاستی حکومتوں سے گاؤں کی سطح پر منتخب نمائندوں کو منتقل کیا جاتا ہے۔ ڈھائی لاکھ پنچایتوں اور 24 لاکھ سے زیادہ منتخب نمائندوں کے ساتھ مقامی نظم ونسق زیادہ جامع ہوگیا ہے۔ حالیہ برسوں میں ڈیجیٹل اقدامات جیسے ای-گرام سوراج، میری پنچایت، پنچایت نرنے، آؤٹ آن لائن سوامتو اور گرام اُرجا سوراج نے مقامی انتظامیہ میں شفافیت، کارکردگی اور جواب دہی کو زیادہ مستحکم کیا ہے۔ 95 فیصد سے زیادہ گاؤں میں 3G اور 4G کنکٹی وٹی کی بدولت سماج کے آخری سطح تک خدمات فراہمی کو تقویت ملی ہے۔

دیپندر کمار اور وشنو کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں .....

RSS Hosabale

راشٹریہ سوئم سیوک سنگھ RSS کے جنرل سکریٹری دتّا تریہ ہوسابلے نے RSS کو، رضاکاروں پر مبنی ایک تحریک قرار دیا ہے، جس کی جڑیں بھارتی ثقافت اور تہذیبی اقدار سے وابستہ ہیں۔

واشنگٹن ڈی سی میں نیو انڈیا کانفرنس میں، تبادلۂ خیال کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے، جس کا اہتمام ہڈسن انسٹی ٹیوٹ نے کیا تھا، جناب ہوسابلے نے کہا کہ RSS، ہندو شناخت کو ایک تہذیبی شناخت سمجھتا ہے، نہ کہ کوئی مذہبی شناخت۔ جناب ہوسابلے نے کہا کہ ضروری نہیں ہے کہ ثقافتی اقدار اور جدیدیت، ایک دوسرے کے خلاف ہوں بلکہ یہ ایک ساتھ باقی رہ سکتی ہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ثقافت اور جدیدیت، حالیہ دہائیوں میں بہت سے سماجوں میں ایک ساتھ دیکھی جاسکتی ہیں۔

جناب ہوسابلے نے ہندو کلچر کو نمایاں کرتے ہوئے کہا کہ ہندو فلسفہ اور ثقافت، پوری دنیا کو ایک کنبے کے طور پر دیکھتے ہیں اور وہ کسی طرح کی برتری کا اظہار نہیں کرتے۔x

ISSF Junior World Cup

مصر کے شہر قاہرہ میں جاری ISSF جونیئر نشانے بازی ورلڈ کپ میں بھارت کے نوجوان نشانے باز 9 تمغے جیت کر سرفہرست ہیں۔ اِن میں سونے کے دو، چاندی کے چار اور کانسے کے تین تمغے شامل ہیں۔

پراچی گائیکواڑ نے خواتین کے 50 میٹر جونیئر رائفل مقابلے کے فائنل میں 354 اعشاریہ چھ کی دوری تک نشانہ لگاکر سونے کا تمغہ جیتا۔ یہ اس ٹورنامنٹ میں بھارت کا سونے کا دوسرا تمغہ تھا۔ اِس سے پہلے منگل کو مقابلوں کے پہلے دن مردوں کے 10 میٹر ایئرپسٹل مقابلے میں شیوَرَوال نے سونے کا تمغہ حاصل کیا تھا۔

نارائن پرنو نے بھی فائنل میں 229 اعشاریہ پانچ کے اسکور کے ساتھ مردوں کے جونئر دس میٹر ایئر رائفل مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔x

IPL-Cricket

IPL کرکٹ میں، آج رائل چیلنجرس بینگلورو کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔ یہ میچ بینگلورو کے چناسوامی اسٹیڈیم میں بھارتی وقت کے مطابق، شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔

کل رات، ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں چنئی سپرکنگس نے ممبئی انڈینس کو 103 رن سے ہرادیا۔ چنئی سپر کنگس نے ممبئی انڈینس کے سامنے جیت کیلئے 208 رن کا نشانہ رکھا تھا، لیکن ممبئی انڈینس کی پوری ٹیم 19 اوورس میں صرف 104 رن ہی بناسکی۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورس میں چنئی سپرکنگس نے 6 وکٹ پر شاندار 207 رن اسکور کئے۔ سنجو سیمسن نے 54 گیندوں میں 101 رن بنائے، جبکہ عقیل حسین نے 17 رن دے کر 4 وکٹ حاصل کئے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆